نقد و نظر

دراستہ اللغۃ العربیہ

مصنف : ڈاکٹر ظہور احمد اظہر

ناشر : عزیز پبلشرز۔ چوک اردو بازار، لاہور

صفحات : ۲۲۲۔ قیمت : دس روپے

ڈاکٹر ظہور احمد اظہر سے ہمارے قارئین اچھی طرح متعارف ہیں۔ المعارف میں ان کے معلوماتی مضامین اکثر شائع ہوتے رہتے ہیں۔ یہ پنجاب یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں اور شعبہ عربی سے منسلک ہیں۔ عربی زبان سے ان کو خاص لگاؤ اور قلبی تعلق ہے۔ دراستہ اللغۃ العربیہ ان کی تازہ تصنیف ہے جو عربی بول چال اور مسائلِ حج پر مشتمل ہے۔ اپنے موضوع میں یہ ایک مفید اور بہتر کتاب ہے۔

یہ کتاب چھ حصوں پر محتوی ہے۔ پہلے حصے میں عربی کے بنیادی قواعد اور اصول بتائے گئے ہیں اور ہر سبق کے ساتھ عملی مشقیں بھی دی گئی ہیں۔ دوسرے حصے میں اردو سے عربی اور عربی سے اردو میں چھوٹے چھوٹے سے جملے دیے گئے ہیں اور ہر مشق کے آخر میں مشکل الفاظ اور جملوں کا ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ تیسرے حصے میں اس قسم کے مکالمات درج کیے گئے ہیں، جن کی روزانہ ضرورت پیش آتی ہے۔ چوتھا حصہ عربی عبارات، خطوط اور مضامین پر مشتمل ہے۔ پانچویں حصے میں مختلف اعضائے انسانی، سبزیوں، پھلوں، حیوانوں اور ڈاک کے سلسلے کے عربی نام تفصیل سے دیے گئے ہیں۔

آخر میں کتاب کا چھٹا حصہ ہے، جو رہنمائے حج کے عنوان سے حج بیت اللہ کے ضروری مسائل کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔

عربی زبان سے تعلق پیدا کرنے اور اس کو سیکھنے کے لیے یہ کتاب بڑی اہم ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ، جلد، سرورق عمدہ۔ البتہ بعض جگہ کتابت کی غلطیاں رہ گئی ہیں۔ قارئین کو اس کتاب سے استفادہ کرنا چاہیے۔